کی طرف اپنے ایک بیان میں اشارہ کیا ہے ۔ ہماری دعا ہے کہ انتخابات امن وامان کے سائے میں ہوں اور عوام کو صحیح راہنمائی حاصل ہو جس سے وہ قابل نمائندہ منتخب کرسکیں ۔

مہاراشٹر کے قصبات میں ماہ ستمبر کے آخر میں قیامت خیز زلزلے نے جو تباہی وبربادی مچائی اور ہزاروں انسان جاں بحق ہوگئے۔ ہزاروں ایکڑ کھیت کی زمین بنجر بن گئی اور ہزاروں مویشی مرگئے کئی کئی روز تک انسانوں کی لاشیں ملبہ سے نکالی جاتی رہیں گاؤں گاؤں بالکل تباہ وبرباد ہوگئے ان کے نام ونشان مٹ گئے ۔ مسلمان مردوں کو اجتماعی قبروں میں دفنایا گیا اور ہندو لاشوں کی اجتماعی طور پر آخری رسوم ادا کی گئیں ۔ یہ بھیانک زلزلہ چشم زدن میں سوتے ہوئے انسانوں کی موت کا باعث بن گیا۔ ہر انسان کو اس قیامت خیز زلزلہ کے متاثرین سے ہمدردی ہونی چاہیئے ۔ اور جسکی جتنی استطاعت ہے اس کے مطابق امداد واعانت کے لئے آگے آنا چاہیئے مقام شکر ہے کہ پوری دنیا میں اس زلزلہ کی تباہی وبربادی کو محسوس کیا گیا ، کتنے ہی ملکوں نے حکومت ہند کے ساتھ ہمدردی واعانت کا اظہار کیا اس میں پڑوسی ملک پاکستان بھی شامل ہے۔ پاکستان کی ایک غیر سرکاری رفاہی جماعت کے بانی حاجی عبدالستار ایدھی نے امدادی سامان سے بھرے ٹرک کو بھارت پہنچانے کے لئے بھارت سرکار سے اجازت طلب کی ہے، امریکہ، برطانیہ، کویت اور دیگر عرب ممالک نے اس موقع پر بھارتی زلزلہ زدگان سے جس ہمدردی ومحبت کا اظہار کیا ہے اس کے لئے ان سب کا بہت بہت شکریہ ۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ جو زلزلہ کے متاثرین ہیں ان کی اعانت وامداد کا غیب سے سامان میسر ہوں اور جو جاں بحق ہوگئے ہیں ان کے متعلقین کو اس حادثہ پر صبر دے ۔ آمین ۔

⁂　⁂　⁂　⁂